فوری ریلیز کے لیے: 2023/7/4

گورنر *KATHY HOCHUL*

وفاقی عدالت کے فیصلے پر گورنرKATHY HOCHUL کا بیان جس میں ملک بھر میں اسقاط حمل تک رسائی کو مزید محدود کرنے کی کوشش کی گئی ہے

"میں ایک وفاقی عدالت کے ایک ایسے فیصلے سے خوفزدہ ہوں جس کے تحت Mifepristone تک رسائی کو محدود کرنے کی کوشش کی گئی ہے، جو اسقاط حمل کی ایک محفوظ اور مؤثر دوا ہے جسے فوڈ اینڈ ڈرگ ایڈمنسٹریشن نے دو دہائیوں سے کہیں پہلے منظور کیا تھا اس کے بعد سے اب تک پانچ ملین سے زیادہ لوگ استعمال کر چکے ہیں۔ اس غیر متوقع فیصلے سے نہ صرف FDA کی شواہد پر مبنی سائنسی منظوری کی کارروائی مسترد کی جا رہی ہے، بلکہ اس بات سے طبی معاملے پر سیاست کرنے کا ایک نیا باب بھی خطرناک انداز میں کھولا جا رہا ہے۔

میں بہت وضاحت سے کہنا چاہتی ہوں: آج کے فیصلے سے قطع نظر، اسقاط حمل تک رسائی اور نگہداشت نیویارک میں اب بھی دستیاب ہے۔ ہر وہ شخص جسے نگہداشت کی ضرورت ہے، ہماری ریاست کھلے دل سے اس کا استقبال کرے گی۔ مزید برآں، ہم وفاقی حکومت، گورنرز، اور ملک بھر کے شراکت داروں کے ساتھ، نگہداشت کے سلسلے میں مزید خلاف ورزی کی روک تھام کا حل نکالنے کی خاطر کام کر رہے ہیں۔ میں نے مقننہ سے یہ درخواست بھی کی ہے کہ وہ موجودہ بجٹ گفت و شنید کے دوران، misoprostol سمیت، اسقاط حمل کی دیگر دواؤں کے تحفظ کے لیے اقدامات پر غور کرے۔

گزشتہ سال *Roe* کا تختہ الٹنے کے لیے سپریم کورٹ کے لیک ہونے والے فیصلے کے تناظر میں، ہم نے کلینک کے اندر والی نگہداشت تک رسائی کے تحفظ کے لیے فعال اقدامات کیے تھے، جن میں ریاست بھر میں اسقاط حمل فراہم کرنے والوں کی مدد کے لیے 35$ ملین کی سرمایہ کاری کرنا، اور اسقاط حمل فراہم کرنے والوں اور ان کے مریضوں دونوں کی حفاظت کے لیے جامع قانون سازی کے ایک پیکیج پر دستخط کرنا شامل ہے۔ مزید برآں اپنے مجوزہ FY 2024 کے ایگزیکٹیو بجٹ میں، میں نے Medicaid کے زرِ معاوضہ کی شرحوں میں اضافہ کرنے اور فراہم کنندگان کو 25$ ملین کی امداد فراہم کرنے کی تجویز دی ہے، تاکہ فارماسسٹ کے لیے پیدائش پر کنٹرول کے نسخے دینا ممکن ہو، ڈیٹا پرائیویسی کے تحفظات کو لاگو کیا جائے، اور SUNY اور CUNY کیمپسز میں اسقاط حمل تک رسائی میں توسیع کی جائے۔

آج کا فیصلہ اس بات کا مزید ثبوت ہے کہ انتہا پسند محض اسقاط حمل کا حق سلب کرنے پر اکتفا نہیں کریں گے۔ بلکہ، امریکیوں کی ایک بڑی اکثریت کی مرضی کے خلاف، وہ ملک بھر میں تولیدی صحت کی نگہداشت کو مکمل طور پر ختم کرنے کے لیے فعال طور پر کام کر رہے ہیں۔ اس بات کو یقینی بنانے کے لیے کہ نیویارک ایک ایسی محفوظ پناہ گاہ رہے جہاں اسقاط حمل کے حقوق محفوظ ہیں، اور اسقاط حمل محفوظ اور قابل رسائی ہو، میں - بے خوف و خطر - ہمیشہ لڑتی رہوں گی۔"

###

اضافی خبریں یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہیں www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418

ان سبسکرائب کریں